جوابی کاپی کا سیریل نمبر | اُردو لازمی (حصہ معروضی) (اولڈ کورس) گروپ دوم | رول نمبر

013/1 (سیکنڈری) (جماعت 9th) پارٹ - I

وقت : 20 منٹ | کل نمبر: 20

دستخط نائب ناظم/ناظمہ مرکز | دستخط امیدوار

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیکوئڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1-الف) ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کو کالم (ر) میں لکھئے۔ ٹک ( ) کا نشان ہرگز نہ لگائیں۔ بصورت دیگر نمبر نہیں ملیں گے۔ (10)

نمبر شمار	سوالات	جوابات ا	ب	ج	د	درست جواب اس کالم میں لکھیں (ر)
(1)	اسلام سے پہلے عورتیں ہمیشہ رہی ہیں۔	اَبتر	بَدتر	ذلیل	رذیل	
(2)	درسی کتاب کے سبق ''اُمید کی کرن'' کے مطابق نادان بے بس بچہ کس میں سوتا ہے؟	پنگھوڑے میں	گہوارے میں	بستر میں	گود میں	
(3)	نواب مصطفیٰ خاں مرحوم تھے۔	ناقل	غافل	عاقل	فاضل	
(4)	سچائی، نیکی اور حُسن کسی کی نہیں۔	جائیداد	وراثت	ثقافت	مُعاشرت	
(5)	شیخ حاضر دین میرے ایک دوست کے ہیں۔	والد	بھائی	داماد	سُسر	
(6)	سبق ''سویرے جو کل میری آنکھ کھلی'' کا مرکزی خیال ہے۔	ہر کام کیلئے منصوبہ بندی ضروری ہے	سحر خیزی صحت کیلئے مفید ہے	محنت میں عظمت ہے	سویرے جاگ کر عبادت کرنا ہے	
(7)	جاپانی ہر لفظ کے آگے ''سان'' لگاتے ہیں جس کے معانی ہیں۔	دوست	دشمن	بدمعاش	شریف	
(8)	شاعر ''بہزاد لکھنوی'' نے نذر کرنے کے لائق کس چیز کو قرار دیا ہے؟	جسم و جاں	دل	روح	ا، ب، ج تینوں	
(9)	جلوت اور خلوت میں کس کا خیال رہنا چاہیے	خلق خدا کا	اپنے احباب کا	اپنی ذات کا	اللہ تعالیٰ کا	
(10)	شاعر ''ادا جعفری'' کی غزل کی رُو سے ''جلنا'' کب سے چراغوں کا مقدر ہے؟	کئی سال سے	ازل سے	سینکڑوں سالوں سے	ہزاروں سالوں سے	

ب) درج ذیل دیئے گئے ہر لفظ کے چار ممکنہ متضاد الفاظ میں سے درست متضاد کو کالم (ر) میں لکھیئے۔ ٹک (✓) کا نشان ہرگز نہ لگائیں۔ بصورت دیگر نمبر نہیں ملیں گے۔ (05)

نمبر شمار	الفاظ	ا	ب	ج	د	درست جواب اس کالم میں لکھیں (ر)
11	حاکم	حکم	محکوم	حمام	غلام	
12	شریف	رذیل	ذلیل	کمین	امین	
13	کثیر	ذلیل	قلیل	علیل	رہیل	
14	رغبت	شفقت	رنج	غم	نفرت	
15	تقدیم	تاخیر	تبدیل	ترجیح	متبدیل	

ج) درج ذیل الفاظ کے سامنے چار ممکنہ مذکر/مونث میں سے درست مذکر/مونث کو کالم (ر) میں لکھیئے۔ ٹک (✓) کا نشان ہرگز نہ لگائیں۔ بصورت دیگر نمبر نہیں ملیں گے۔ (05)

نمبر شمار	الفاظ	ا	ب	ج	د	درست جواب اس کالم میں لکھیں (ر)
16	سیکھنی	سکھا	سیکھ	سکھن	سیکھے	
17	مینڈک	مینڈکی	منڈکی	مونڈک	مینڈکیں	
18	فریبی	فریبا	فُراب	فریبن	فرب	
19	چھوکری	چھوکر	چھکر	چھکری	چھوکرا	
20	بندہ	بندن	بندی	بند	بندے	

(ختم شد)

www.ilmkidunya.com

اُردو لازمی (گروپ دوم) (اولڈ کورس)

013/1 سیکنڈری جماعت نہم (پارٹ - I) (حصہ انشائیہ)

وقت : 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 55

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم/غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (10)

(1) نہیں موقوف خلاّقی تری اس ایک دُنیا پر — کیے ہیں ایسے ایسے سیکڑوں پیدا جہاں تُو نے

(2) ہوئی یہ شیر زن بھی اب قتال و جنگ میں شامل — سپر بن کر لگی پھرنے بگردِ ہادیٔ کامل

(3) نڈر ہو کے مَیں اب دریا میں اتروں — نَلا سے جان جاتی ہے تو جائے

(4) ہر نغمے نے اُنھی کی طلب کا دیا پیام — ہر ساز نے اُنھی کی سنائی صدا مجھے

(5) اِک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔ (10)

الف) دوسروں کے کام کرنے میں عار محسوس نہ فرماتے۔ بچوں سے بڑی محبت فرماتے تھے، ان کو چومتے اور پیار کرتے تھے۔ فصل کا نیا میوہ سب سے کم عمر بچہ جو اس وقت موجود ہوتا اُس کو دیتے۔ راستے میں بچے مل جاتے تو خود ان کو سلام فرماتے۔

ب) سائنس کی ترقی کا ایک رخ اور بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ فکرِ انسانی پر اثر انداز ہو کر مُعاشرت، کلچر اور سوسائٹی کے رویّوں پر گہرا اثر ڈال رہی ہے اور اس کے نتیجے کے طور پر دُنیا بھر میں مجلسی نظام درہم برہم ہو رہے ہیں۔ اقدار کے سلسلے بکھر رہے ہیں۔

4- درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (05)

(الف) نام دیو - مالی (ب) ٹوکیو کی سیر

5- نظم ''اُمِ عمارہؓ'' کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیئے۔ (05)

6- اپنے والد صاحب کے نام خط لکھیں جس میں انہیں اپنی کامیابی کے بارے بتائیں۔ یا

اپنے ضلع کے فوڈ کنٹرولر کے نام درخواست لکھ کر راشن ڈپو کے خلاف شکایت کیجئے۔ (10)

7- ''اتفاق میں برکت ہے'' کے عنوان سے ایک کہانی لکھیئے۔ یا

اُستاد اور شاگرد کے درمیان ''تاریخ پاکستان'' پر مکالمہ تحریر کیجئے۔ (05)

8- درج ذیل سابقوں سے ایک ایک لفظ بنائیں۔ (05)

(1) اہل (2) بے (3) نا (4) خوش (5) خوب

9- درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (05)

(1) آدمی کا شیطان دوست ہے۔ (2) الٹے بانس لاہور کو۔

(3) بوڑھی گھوڑی سبز لگام۔ (4) باسی کڑھی خراب ہونا۔

(5) آ بیل مجھے دیکھ۔

یا

مندرجہ ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(1) غریب کی جورو ---------- (2) بلی کے بھاگوں ----------

(3) نو سو چوہے کھا کے بلی حج ---------- (4) بدا چھا ----------

(5) قاضی کے گھر کے ----------